10-06-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

-----------------------------------------------------------

1. وزیراعظم نریندر مودی نے کہاہے کہ بھارت، اُن کی حکومت کی تیسری مدت کے دوران بھی، خطے کے امن اور ترقی و خوشحالی کیلئے کام کرتا رہے گا۔

2. سکّم کے رہنما پریم سنگھ تمانگ کو آج سکم کے وزیراعلیٰ کے طور پر حلف دلایا جائے گا۔

3. مرکزی وزراء راجناتھ سنگھ اور بھوپیندر یادو کو، اوڈیشہ میں BJP قانون ساز پارٹی کا رہنما منتخب کرنے میں مدد کیلئے، مرکزی مشاہدین کے طور پر مقرر کیا گیا ہے۔

4. جموں وکشمیر کے ریاسی ضلعے میں ایک بس پر کیے گئے ایک دہشت گردانہ حملے میں، کم سے کم 10 عقیدتمند ہلاک اور 33 زخمی ہوگئے۔

5. فرانس کے صدر ایمینوئل میخواں نے، یوروپی یونین کی ووٹنگ میں شکست کے بعد، وقت سے پہلے ہی، پارلیمانی انتخابات کے فیصلے کا اعلان کیا ہے۔

6. اور، نیویارک میں مردوں کے آئی سی سی ٹی-ٹوینٹی کرکٹ عالمی کپ میں، بھارت نے پاکستان کو 6 رن سے ہرایا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM World Leaders

وزیراعظم نریندر مودی نے کہاکہ اُن کی حکومت کی تیسری مدت کے دوران بھی بھارت، بحر ہند خطے کے امن اور ترقی و خوشحالی کیلئے کام کرتا رہے گا۔ اِس ضمن میں انہوں نے خطے میں عوام سے عوام کے درمیان مزید گہرے تعلقات اور رابطوں کیلئے کہا۔ جناب مودی اپنی حلف برداری کے بعد کَل رات راشٹرپتی بھون میں بھارت کے پڑوسی ملکوں اور بحرہند خطے کے، مہمان رہنماؤں سے ملاقات کر رہے تھے۔

وزیراعظم نے اِس تقریب میں رہنماؤں کی شرکت پر اُن کا شکریہ ادا کرتے ہوئے ”پڑوس مقدم“ پالیسی اور ”ساگر وژن“ کے، بھارت کے عزم کو ایک بار پھر دوہرایا۔ جناب مودی نے کہاکہ بھارت، بین الاقوامی سطح پر عالمی جنوب کی آواز کو آگے تک پہنچانا جاری رکھے گا۔

مالدیپ کے صدر محمد معزو، نیپال کے وزیراعظم پُشپ کمل دہل پرچنڈ اور سری لنکا کے صدر رانل وکرما سنگھے سمیت، بھارت کے پڑوسی ملکوں اور بحر ہند خطے کے سرکردہ رہنماؤں نے، وزیراعظم نریندر مودی اور اُن کی وزراء کی کونسل کی حلف برداری کی تقریب میں شرکت کی۔ بنگلہ دیش کی وزیراعظم شیخ حسینہ، ماریشس کے وزیراعظم پروند کمار جگناتھ، بھوٹان کے وزیراعظم شیرنگ توبگے اور سشلز کے نائب صدر احمد عفیف نے بھی راشٹرپتی بھون میں منعقدہ اِس شاندار تقریب میں شرکت کی۔

وزارت خارجہ نے کہاکہ حلف برادری کی تقریب میں اِن رہنماؤں کی شرکت سے، خطے کے ساتھ دوستی اور تعاون کے حامل، بھارت کے گہرے رشتوں کی اہمیت اجاگر ہوتی ہے۔

وزارت خارجہ نے ایک بیان میں کہاکہ جناب مودی نے، راشٹرپتی بھون میں حلف برداری کی تقریب کے بعد مہمان رہنماؤں سے ملاقات کی۔ اِن رہنماؤں نے انہیں تاریخی طور پر لگاتار تیسری مدت کیلئے وزیراعظم کے طور پر حلف برداری پر مبارکباد دی۔x

Prez Banquet

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کَل رات راشٹرپتی بھون میں، پڑوسی ملکوں کے اُن رہنماؤں کے اعزاز میں ایک ضیافت کا اہتمام کیا، جنہوں نے وزیراعظم نریندر مودی کی حلف برداری کی تقریب میں شرکت کی تھی۔

صدر جمہوریہ نے اِن رہنماؤں کا خیر مقدم کرتے ہوئے اُن کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے نئی حکومت کی حلف برداری کی تقریب کی دعوت کو قبول کیا اور جمہوریت کے اِس جشن میں شرکت کی۔

صدر مرمو نے کہاکہ اِس موقع پر اُن کی موجودگی، بھارت کی ”پڑوس مقدم پالیسی“ اور بحرہند خطے سے متعلق ”ساگر وژن“ کو اہمیت دیے جانے کا ایک اور ثبوت ہے۔

انہوں نے کہاکہ ایک دوسرے کی ترقی اور خوشحالی میں حصے دار کے طور پر وہ قریب ترین دوستوں اور پڑوسیوں میں شامل ہیں کہ اُن کے ساتھ اُن کے خطے اور اِس سے آگے تک بھی امن و خوشحالی کو فروغ دینے کیلئے اُن کے ساتھ مل کر کام کیا جائے۔

صدر جمہوریہ نے اِن رہنماؤں کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہاکہ بھارت کی جمہوریت کا یہ جشن، نہ صرف اُس کے عوام کیلئے فخر کا لمحہ ہے بلکہ دنیا بھر میں لاکھوں لوگوں کا ایک جذبہ بھی ہے۔

صدر جمہوریہ نے وزیراعظم نریندر مودی کو بھی کامیابی کی خواہشات پیش کیں، جیسا کہ انہوں نے ملک کے عوام کی خدمت کی یہ اعلیٰ ترین ذمہ داری سنبھالی ہے۔

جناب نریندر مودی کو کَل شام لگاتار تیسری مدت کیلئے وزیراعظم کے طور پر حلف دلایا گیا۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے جناب مودی اور اُن کی نئی کابینہ کے وزیروں کو عہدے اور رازداری کا حلف دلایا۔ یہ تقریب راشٹرپتی بھون میں منعقد کی گئی۔

Final PM Oath Ceremony

حلف برداری کی تقریب میں 30 کابینی وزراء، پانچ وزراء مملکت آزادانہ چارج اور 36 وزراء مملکت نے حلف لیا۔

سینئر بی جے پی رہنما راجناتھ سنگھ، امت شاہ، نتن گڈکری، ڈاکٹر ایس جے شنکر، پیوش گوئل، دھرمیندر پردھان، نرملا سیتارمن اور بی جے پی صدر جے پی نڈا نے کابینہ وزیروں کی حیثیت سے حلف لیا۔

سینئر پارٹی رہنما کرن رجیجو، پرہلاد جوشی، گری راج سنگھ، اشونی ویشنو، جیوترادتیہ سندھیا، بھوپیندر یادو، گجیندر سنگھ شیخاوت، آنّپورنا دیوی، ہردیپ سنگھ پوری، ڈاکٹر

منسکھ مانڈویا، جی کشن ریڈی، سی آر پاٹل، ڈاکٹر وریندر کمار اور جوئل اورم نے بھی کابینہ وزیروں کے طور حلف لیا۔

سابق وزراء اعلیٰ شیوراج سنگھ چوہان، منوہر لال اور سربانند سونووال کو بھی کابینہ وزیروں کے طور پر حلف دلایا گیا۔

اِن کے علاوہ کرناٹک کے سابق وزیراعلیٰ اور جے ڈی ایس کے ممبر پارلیمنٹ ایچ ڈی کمار سوامی، بہار کے سابق وزیراعلیٰ اور ایچ اے ایم پارٹی کے سربراہ جیتن رام مانجھی، جے ڈی یو کے ممبر پارلیمنٹ راجیو رنجن سنگھ، ٹی ڈی پی کے ممبر پارلیمنٹ کِنج رَاپو رام موہن نائیڈو اور ایل جے پی رام ولاس کے سربراہ چراغ پاسوان نے بھی کابینہ وزیروں کے طور پر حلف لیا ہے۔

بی جے پی رہنما راؤ اندرجیت سنگھ، ڈاکٹر جتیندر سنگھ اور ارجن رام میگھوال نیز شیوسینا کے پرتاپ راؤ جادھو اور آ ایل ڈی سربراہ جینت چودھری نے وزیرمملکت کے طور پر آزادانہ چارج کا حلف لیا ہے۔

حلف برادری کی تقریب کے دوران 36 وزراء مملکت نے بھی حلف لیا۔ اِن میں بی جے پی کے ارکان پارلیمنٹ جِتِن پرساد، شری پد یسونائک، پنکج چودھری، نتیا نند رائے، کرشن پال، وی سومنّا، ایس پی سنگھ بگھیل، شوبھا کرندلاجے اور سریش گوپی، رکشا کھڑسے، اجے ٹَمٹا، بَندی سنجے کمار، کملیش پاسوان، ہرش ملہوترہ، ستیش دوبے اور رونیت سنگھ بِٹّو، نیز آر پی آئی کے رام داس آٹھوَلے، جے ڈی یو کے رام ناتھ ٹھاکر، اپنا دل ایس کی انوپریہ پٹیل اور ٹی ڈی پی کے Pemmasani چندرشیکھر بھی شامل ہیں۔

امید ہے کہ نئی مرکزی کابینہ کی پہلی میٹنگ نئی دلّی میں آج شام منعقد ہوگی۔x

Industry Body PM

صنعتی ادارے FICCI اور Assocham نے جناب نریندر مودی کو تیسری بار وزیراعظم کے طور پر حلف لینے پر مبارکباد دی ہے۔ FICCI نے کہا ہے کہ مرکز میں مستحکم حکومت، اقتصادی منظرنامے کو مزید مضبوطی فراہم کرے گی۔ FICCI کے صدر ڈاکٹر انیش شاہ نے کہا کہ FICCI ترقی پسند پالیسیوں اور اقدامات کا منتظر ہے جو معاشی اور سماجی ترقی کو فروغ دے گا اور ”وکست بھارت“ کی مضبوط بنیاد رکھے گا۔

Associochamکے صدر سنجے نائر نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی نے بھارت کے تیسری سب سے بڑی معیشت بننے کے قومی عزم کو ایک بار تازہ کردیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ نئی مدت کا آغاز سے صنعت، تجارت اور مالیاتی اداروں کا پورا Eco سسٹم دوبارہ متحرک ہو گیا ہے۔x

Sikkim Odisha-AP

سکم میں، پریم سنگھ تمانگ کی، وزیراعلیٰ کے طور پر، اور اُن کی وزراء کی کونسل کی حلف برداری کی تقریب، گینگٹاک کے Paljor اسٹیڈیم میں آج سہ پہر چار بجے منعقد کی جائے گی۔  حلف برداری کی تقریب کے پیش نظر، آج گینگٹاک میونسپل کارپوریشن علاقے کے، سبھی سرکاری اور پرائیویٹ اسکول، کالج اور تعلیمی ادارے بند رہیں گے۔

اڈیشہ میں BJP حکومت کے نئے وزیراعلیٰ کی حلف برداری کی تقریب بھوبھنیشور کے Janata Maidanمیں بدھ کے روز منعقد کی جائے گی۔ BJPنے مرکزی وزراء راجناتھ سنگھ اور بھوپیندر یادو کو اوڈیشہ میں قانون ساز پارٹی کا لیڈر منتخب کرنے کے لیے مرکزی مشاہد کے طور پر مقرر کیا ہے۔

امید ہے کَل BJP قانون ساز پارٹی اپنا لیڈر منتخب کرے گی۔

آندھرا پردیش کے نامزد وزیراعلیٰ این چندرا بابو نائیڈو بھی بدھ کے روز کرشنا ضلعے کے Gannavaramمیں حلف لیں گے۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Rev. J&K Terror Attack

کَل شام جموں و کشمیر کے Reasi ضلعے میں Teryath گائوں کے نزدیک کیے گئے ایک دہشت گردانہ حملے میں کم سے کم 10 عقیدتمند ہلاک اور 33 دیگر اس وقت زخمی ہوگئے جب ان کی بس ایک گہری کھائی میں جا گری۔

یہ بس Shiv Khori گپھا سے واپسی پر کٹرا جا رہی تھی۔ Reasi کی ایس۔ایس۔پی Mohita Sharmaنے بتایا ہے کہ ڈرائیور کو گولی لگی اور وہ گاڑی پر اپنا کنٹرول کھو بیٹھا۔

New J&K Terror Attack SSP-I

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے جموں و کشمیر میں عقیدتمندوں سے بھری بس پر دہشت گردانہ حملے ہونے پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ عقیدتمندوں کو لے جا رہی بس پر  دہشت گردانہ حملہ ایک بزدلانہ کارروائی ہے اور انسانیت کے خلاف ایک جرم ہے اور اس کی شدید الفاظ میں مذمت کی جانی چاہیے۔

وزیراعظم نریندر مودی نے صورتحال کا جائزہ لیا اور لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا کو صورتحال پر مسلسل نظر رکھنے اور زخمی عقیدتمندوں کو سبھی ممکنہ دیکھ بھال اور مدد فراہم کرنے کو یقینی بنانے کی ہدایات دیں۔

مرکزی وزراء راجناتھ سنگھ اور امت شاہ نے بھی حملے کی مذمت کی ہے جناب شاہ نے کہا کہ اِس بزدلانہ حملے کے مجرموں کو بخشا نہیں جائے گا اور انھیں قانون کا سامنا کرنا ہوگا۔x

Kerala Assembly

کیرالہ کی 15ویں اسمبلی کا گیارہواں اجلاس آج شروع ہوگیا۔ 28 دن کے اِس اجلاس کا اصل مقصد 2024-25 کے ریاستی بجٹ میں مطالبات زر پر تفصیلی تبادلۂ خیال کرنا ہے۔ یہ بجٹ فروری میں پیش کیا گیا تھا۔ اجلاس کے 13 دن  مطالبات زر پر تبادلۂ خیال اور ان کی منظوری کے لیے مختص کیے گئے ہیں۔ پانچ دن، پرائیویٹ ارکان کے کام کاج، جبکہ8 دن، سرکاری کام کاج کے لیے مختص کیے گئے ہیں۔ یہ اجلاس 25 جولائی کو اختتام پذیر ہوگا۔

کیرالہ پنچایت راج کا ترمیمی بل اور کیرالہ میونسپلٹی کا ترمیمی بل، اسمبلی کے اجلاس میں پیش کیا جائے گا۔

اسی دوران جن ارکان اسمبلی نے لوک سبھا انتخابات میں کامیابی حاصل کی ہے، وہ 17 جون تک اپنی نشستوں پر برقرار رہ سکتے ہیں۔

SC، STکی بہبود کے وزیر مملکت اور CPIM سے وابستہ .K Devaswoms Radhakrishnan

نیز کانگریس MLA شفیع Parambil نے حالیہ لوک سبھا انتخابات میں کامیابی حاصل کی ہے۔x

Delhi LG

دلی کے لیفٹیننٹ گورنر ونے کمار سکسینہ، آج دلّی کی، پانی کی وزیر آتشی سے ملیں گے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں راج بھون نے بتایا کہ دلّی کے لیفٹیننٹ گورنر نے افسران سے کہا ہے کہ وہ ہماچل پردیش اور ہریانہ کی طرف سے جاری کیے گئے پانی کی اصل صورتحال کا جائزہ لیں۔ انہوں نے اُن سے قومی راجدھانی میں پانی کے ضائع ہونے اور رِساؤ کی روک تھام کے لیے کیے گئے اقدامات کے بارے میں بھی پوچھا ہے۔ LG نے وزیرآباد آبی ذخیرے سے بھی پانی کے رِساؤ کی صورتحال کے بارے میں پوچھا ہے جیساکہ سپریم کورٹ نے ہدایت دی تھی۔x

IMD Weather

بھارت کے محکمہ موسمیات IMDنے آج گوا، مہاراشٹر اور کرناٹک کے بیشتر حصوں کے لیے شدید سے بہت شدید بارش کے سبب ریڈ وارننگ جاری کی ہے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

*V/C Adarsh*

*IMDنے کہا ہے کہ موسم میں یہ تبدیلی مراٹھ واڑا خطے میں سمندری طوفان کی وجہ سے ہوئی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے مزید کہا ہے کہ کرناٹک، کیرالہ، لکشدیپ اور آندھرا پردیش میں اگلے تین سے چار روز کے دوران گرج چمک، بجلی اور شدید ہواؤں کے ساتھ ہلکی سے اوسط بارش میں کمی آجائے گی۔*

*شمال مغربی بھارت اور مغربی بنگال میں بھی اگلے چھ روز کے دوران اسی طرح کے موسم کے حالات رہیں گے۔ مشرقی اور وسطی بھارت کے بہار، جھارکھنڈ، اوڈیشہ، مدھیہ پردیش اور چھتیس گڑھ میں بھی اگلے چار روز کے دوران اسی طرح کا موسم رہے گا۔*

*اس دوران پنجاب، ہریانہ، بہار، جھارکھنڈ، مغربی بنگال، ہماچل پردیش، اتراکھنڈ، دلی، راجستھان اور مدھیہ پردیش میں اس مہینے کی 13 تاریخ تک شدید گرمی کے حالات رہیں گے۔*

*شمال مغربی اور وسطی بھارت اگلے چار روز کے دوران زیادہ سے زیادہ درجہ حرات میں دو سے تین ڈگری سیلسیس کا اضافہ ہونے کا امکان ہے۔*

*آدرش کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں.......*

France Snap Poll

فرانس کے صدر ایمینوئل میخواں نے اِس مہینے کے آخر میں، قبل از وقت پارلیمانی انتخابات کیلئے کہاہے۔ انہوں نے یہ بیان، یوروپی پارلیمنٹ کی ووٹنگ میں اپنی حریف Marine Le Penکی نیشنل ریلی کی ایک بڑی کامیابی کے تناظر میں دیا ہے۔

چناؤ کے بعد کے جائزے میں کہا گیا ہے کہ انتہائی دائیں بازو کی پارٹی، 32 فیصد ووٹ حاصل کرکے، کامیابی کی منزلیں طے کر رہی ہے، جو صدر میخواں کی Renaissance پارٹی سے، دوگنا سے بھی زیادہ ہیں۔

انہوں نے پارلیمنٹ کی تحلیل کا اعلان کرتے ہوئے کہاکہ ووٹنگ کے دو مرحلے 30 جون اور 7 جولائی کو منعقد کیے جائیںگے۔ جناب میخواں نے اِس حیران کن اور اچانک فیصلے کا اعلان، ٹیلی ویژن پر اپنے ایک خطاب میں کیا۔

انہوں نے یہ اعلان فرانس کے یوروپی یونین کے انتخابات میں کی گئی ووٹنگ اور چناؤ جائزے کے نتائج کے ایک گھنٹے بعد Elysee Palace سے کیا۔x

T-20 Worl Cup Result

مردوں کے ICC ٹی۔ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں بھارت نے نیویارک کے Nassau کاؤنٹی انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں ایک دلچسپ میچ میں پاکستان کو چھ رن سے ہرا دیا۔

پہلے بلے بازی کرتے ہوئے بھارت نے 19 اوورس میں کُل 119 رن ہی بنائے۔ رشبھ پنتھ کے 31 گیندوں میں 42 رن، جبکہ اکشر پٹیل کے 18 گیندوں میں 20 رن کی مدد سے بھارتی ٹیم کو جیت کا نشانہ حاصل کرنے میں مدد ملی۔

پاکستان کے لیے حارث رئوف اور نسیم شاہ نے تین۔تین وکٹ لیے، جبکہ محمد عامر نے دو وکٹ حاصل کیے۔

جسپریت بُمرا کی قیادت میں بھارتی گیند بازوں نے جیت کے نشانے کو حاصل کرنے سے اس وقت روک دیا جب محض 6 رن درکار تھے۔

جیت کے 120 رن کے نشانے کوحاصل کرتے ہوئے پاکستان کی ٹیم مقررہ 20 اوورس میں سات وکٹ کے نقصان پر محض 113 رن ہی بنا سکی۔

بمرا نے 4 اوورس میں محض 14 رن دے کر تین وکٹ لیے۔

ہاردک پانڈیا نے 2 وکٹ جبکہ اکشر پٹیل اور Arshdeep Singh نے ایک ایک وکٹ حاصل کیا۔

بمرا کومیچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میں جیت کا یہ سب سے کم رن کا نشانہ تھا جسے بھارت نے آسانی سے حاصل کرلیا۔x

Tennis Heilbronner Neckarar Cup

ٹینس میں، بھارت کے Summit Nagal نے جرمنی میں Heilbronn Neckararcup Challenger

کاخطاب جیت لیا ہے۔ انھوں‌نے کَل مردوں کے سنگلز کے خطابی مقابلے میں سوئزر لینڈ کے Alexander Ritschard کو چھ۔ایک، چھ۔سات اور چھ۔تین سے شکست دی۔

اِس جیت کے ساتھ سُمت نے آئندہ پیرس اولمپکس کے لیے کوالیفائی کرلیا ہے۔یہ اُن کا چھٹا ATP چیلنجرس خطاب ہے۔

French Open

ٹینس میں، اسپین کے کھلاڑی Carlos Alcaraz نے کَل رات پیرس میں Roland Garros کے مقام پر مردوں کے سنگلز کا اپنا پہلا فرینچ اوپن کا خطاب جیت لیا ہے۔ Alcaraz نے جرمنی کے کھلاڑی Alexander Zverev پر فائنل میں چھ۔تین، دو۔چھ، پانچ۔سات، چھ۔ایک اور چھ۔دو سے جیت حاصل کی۔ Alcaraz کا یہ تیسرا گرینڈ سلیم خطاب ہے۔x

یہ تھی خبریں

GONG

PRESS COMMENTS,

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...اسلم بیگ

شکریہ - توحید

راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے سبھی اردو اخبارات نے وزیراعظم نریندر مودی کے تیسری بار حلف برداری لینے کی خبر کو شہ سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ پرتاپ، راشٹریہ سہارا، انقلاب اور ہندوستان ایکسپریس سمیت سبھی اخباروں نے تیسری میعاد کے لیے بطور وزیراعظم نریندر مودی اور 72 وزراء کی ٹیم کی حلف برداری و رازداری اور اس میں سرکردہ شخصیات کے علاوہ فلمی ہستیوں اور غیر ملکی رہنمائوں کی شرکت کی خبر کو پہلے صفحے پر شائع کیا ہے۔

روزنامہ پرتاپ کے علاوہ ہندوستان ایکسپریس نے BJP کے میڈیا انچارج کرن نندا کے اس بیان کو اولیت کے ساتھ شائع کیا ہے کہ وزیر اعظم BJP کے عزم کو پورا کریں گے اور ہمارا ملک بھارت 2047 تک ترقی یافتہ بننے والا ہے۔

روزنامہ پرتاپ نے وزیراعظم نریندر مودی کے اپنی نئی کابینہ کو 100 دن کے ایجنڈے کے ایکشن پلان کو زمین پر لاگو کرنے کی ہدایات کی خبر کو بھی سرخی کے ساتھ شائع کیا ہے۔

انقلاب اور روزنامہ پرتاپ نے دہلی اور ملک کی دیگر سات ریاستوں میں اگلے کچھ دنوں کے لیے لُو کا الرٹ جاری کئے جانے کی خبر کو اپنے اندرونی صفحات پر شائع کیا ہے۔x

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1. وزیراعظم نریندر مودی نے کہاہے کہ بھارت، اُن کی حکومت کی تیسری مدت کے دوران بھی، خطے کے امن اور ترقی و خوشحالی کیلئے کام کرتا رہے گا۔

2. سکّم کے رہنما پریم سنگھ تمانگ کو آج سکم کے وزیراعلیٰ کے طور پر حلف دلایا جائے گا۔

3. مرکزی وزراء راجناتھ سنگھ اور بھوپیندر یادو کو، اوڈیشہ میں BJP قانون ساز پارٹی کا رہنما منتخب کرنے میں مدد کیلئے، مرکزی مشاہدین کے طور پر مقرر کیا گیا ہے۔

4. جموں وکشمیر کے ریاسی ضلعے میں ایک بس پر کیے گئے ایک دہشت گردانہ حملے میں، کم سے کم 10 عقیدتمند ہلاک اور 33 زخمی ہوگئے۔

5. فرانس کے صدر ایمینوئل میخواں نے، یوروپی یونین کی ووٹنگ میں شکست کے بعد، وقت سے پہلے ہی، پارلیمانی انتخابات کے فیصلے کا اعلان کیا ہے۔

6. اور، نیویارک میں مردوں کے آئی سی سی ٹی-ٹوینٹی کرکٹ عالمی کپ میں، بھارت نے پاکستان کو 6 رن سے ہرایا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-------------------------------------